سوال

(607) عیدوں کے موقع پر نمائشوں کے اہتمام

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

عیدوں کے موقع پر نمائشوں کے اہتمام کے بارے میں کیا حکم ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

عیدوں کو اس لیے مقرر کیا گیا ہے تاکہ اتمام عادت پر اللہ تعالی کے شکر کا اظہار کیا جاسکے اور یہ اظہار تکبیر، ذکر اور نماز کی صورت میں ہوتا ہے اور اس موقع پر کھیل وغیرہ کی صورت میں بھی اظہار مسرت جائز ہے جیسا کہ ثابت ہے کہ عید کے موقع پر حبشیوں نے مسجد نبوی میں کھیل کا مظاہرہ کیا تھا۔ اس طرح وہ نمائشیں بھی جائز ہیں، جن سے مقصود مسلمانوں کی قوت کا اظہار اور جہاد کے لیے کر و فر کی مشق ہو، بشرطیکہ ان میں عورتوں کی شرکت نہ ہو۔ فخر و غرور کا اظہار نہ ہو اور ایسی باتیں بھی نہ ہوں، جن سے آپس میں اختلاف و انتشار وغیرہ پیدا ہوتا ہو۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

ج4ص461

محدث فتویٰ